PR NO39/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا دورہ

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام: مستحق خواتین کی امدادان کے بینک اکاؤنٹ میں ارسال کی جانی چاہیئے ۔وفاقی محتسب

BISP سے امداد نہ دینے کی وجوہات واضح طور پر بتائی جائیں۔اعجاز احمد قریشی

امداد کی مستحق خواتین سے رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کرنے کی ہدایت

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز (BISP) کے ہیڈ آفس بھیجی۔ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، ڈپٹی رجسٹرار سمیع اللہ اور اے ایل او اعجاز حسین ڈار شامل تھے۔ٹیم نے اپنی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔وفاقی محتسب نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ امدادی رقم مستحق خواتین کے بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جائے، رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ ارسال کی جائے، امدادی رقم کے لئے نااہل قرار دی جانے والی غریب خواتین کو بار بار دفتروں کے چکر لگوانے کے بجائے امداد نہ دینے کی وجوہات کے ساتھ واضح تحریری جواب دیا جائے اور کسی کے شناختی کارڈ پر انمٹ سیاہی کے ساتھ تاریخ وغیرہ تحریر نہ کی جائے۔بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دورہ کے دوران وہاں پر موجود خواتین نے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا کہ مستحق خواتین کو بار بار چکر لگوائے جاتے ہیں اور منظور شدہ امداد دینے سے قبل رشوت طلب کی جاتی ہے نیز نااہلی کی صورت میں غریب خواتین کو کوئی واضح جواب دینے کی بجائے ان کے شناختی کارڈ پر انمٹ سیاہی سے چند ماہ بعد کی تاریخ ڈال کر ان کو واپس بھیج دیا جاتا ہے، جس سے ان کا شناختی کارڈ بھی خراب ہو جاتا ہے۔قبل ازیں وفاقی محتسب کی ٹیم کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مختلف پراجیکٹس کے بارے میں تفصیلی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ادارہ اس وقت ایک کروڑ سے زائد مستحق خواتین کو امداد دے رہا ہے نیز بچوں کی تعلیم اور نوزائیدہ بچوں کی صحت اور نشو ونما کے لئے امداد اور صحت مند خوراک دی جاتی ہے۔وفاقی محتسب کی ٹیم نے BISP کے یکجا سہولیاتی مرکز G-7 کا بھی دورہ کیا جہاں سروے اور امداد کے لئے دور دراز سے آنے والی سینکڑوں خواتین اپنی باری کی منتظر تھیں۔ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ان کی فوری شنوائی کے لئے ضروری انتظامات کئے جائیں۔

08/08/2025

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

08اگست2025ء